**26.02.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. کلیم احمد

**Music**

☆ دنیا کا سب سے بڑا روحانی، مذہبی اور ثقافتی اجتماع مہاکنبھ آج مہا شیو راتری کے مبارک موقع پر اختتام پذیر ہو جائے گا۔ لاکھوں عقیدت مند اس مبارک موقع پر پوتر ڈبکی لگا چکے ہیں۔

2- مہا شیوراتری کا تہوار آج مذہبی عقیدت اور جوش و خروش کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ صدر جمہوریہ، نائب صدر جمہوریہ اور وزیراعظم نے اس موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔

3- سرحدی حفاظتی دستے BSF نے پٹھان کوٹ میں دراندازی کی ایک کوشش کو ناکام بنادیا۔ پاکستانی درانداز کو ہلاک کردیا گیا۔

4- وزیر خارجہ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت اور جاپان افریقی ملکوں کے لئے سپلائی چین کو مستحکم کرنے کیلئے باہمی اشتراک و تعاون کرسکتے ہیں۔

5- اور : دبئی اوپن ٹینس میں آج شام پری کوارٹر فائنل میں روہن بوپنا اور Ivan Dodig پر مشتمل بھارت اور کروشیا کی جوڑی کا سامنا Julian Cash اور Lloyd Glasspool پر مشتمل برطانوی جوڑی سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**MAHAKUNBH**

پریاگ راج میں جاری دنیا کا سب سے بڑا روحانی، مذہبی اور ثقافتی اجتماع مہا کمبھ آج مہا شیو راتری کے مبارک موقع پر اختتام پذیر ہو جائے گا۔ گنگا، جمنا اور سرسوتی دریاؤں کے تریوینی سنگم کے مختلف گھاٹوں پر اب تک 65 کروڑ 50 لاکھ سے زیادہ عقیدت مند پوتر ڈبکی لگا چکے ہیں، جبکہ لاکھوں عقیدتمند اب بھی پوتر ڈبکی لگا رہے ہیں۔ مہا کنبھ 144 سال میں ایک مرتبہ منعقد کیا جاتا ہے۔ اس سے اس سال کے مہاکنبھ کی اہمیت بخوبی واضح ہوتی ہے۔

پرسار بھارتی کے چیئرمین نونیت سہگل نے کہا ہے کہ آکاشوانی نے ملک کی ثقافت کے ساتھ لوگوں کو جوڑنے میں ہمیشہ اہم رول ادا کیا ہے اور آکاشوانی، عوامی نشریاتی ادارے کے طور پر اپنی ذمہ داری سنجیدگی کے ساتھ ادا کرتا رہا ہے۔

مہا کنبھ کے آخری دن اپنے پیغام میں جناب سہگل نے کہا کہ **48** دن کی نشریات کے دوران آکاشوانی کے کنبھ وانی چینل نے بڑی تعداد میں لوگوں کو متاثر کیا۔ جناب سہگل نے مہا کنبھ کے دوران کثرت میں وحدت کے جذبے کو اجاگر کیا۔

انھوں نے کہا کہ اس جذبے کی عکاسی آکاشوانی کی نشریات سے بخوبی ہوتی ہے، جہاں اس کے سامعین عام لوگوں سے لے کر عقیدتمند، سنت اور اکھاڑہ سبھی رہے۔

**S/B Navneet Sehgal**

پرسار بھارتی کے سی ای او گورَو دویدی نے مہا کنبھ کی کوریج میں آکاشوانی کے کنبھ وانی چینل کی کوششوں کی تعریف کی۔ جناب دویدی نے کہا کہ مہا کنبھ اور کنبھ وانی، دونوں کا سفر ناقابل فراموش ہے۔ لاکھوں لوگوں کے دلوں میں اس کا ایک روحانی مقام ہے۔

**(S/B Gaurav Dwvedi)**

اس موقع پر اپنے پیغام میں آکاشوانی کی ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر پرگیہ پالیوال گوڑ نے مختصر عرصے میں بڑی تعداد میں سامعین تک پہنچنے میں کنبھ وانی چینل کی کامیابی کی تعریف کی۔ انھوں نے کہا کہ مہا کنبھ اور کنبھ وانی نے لوگوں کی زندگی پر نہایت اہم اثرات مرتب کئے۔

## MAHASHIVRATRI GREETING

بھگوان شیو کو وقف پرمسرت تہوار مہاشیوراتری ملک بھر کے شیو مندروں میں آج پورے جوش وعقیدت کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ لوگ دعاؤں، منتروں اور مذہبی جذبے کے ساتھ اپنی عقیدت کا اظہار کررہے ہیں۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ اور وزیراعظم نریندر مودی نے آج مہاشیوراتری کے پرمسرت موقع پر اہل وطن کو مبارک باد پیش کی ہے۔

اپنے سوشل میڈیا پیغام میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے سبھی شہریوں کو نیک خواہشات پیش کرنے کے ساتھ ساتھ ملک کی مسلسل ترقی کیلئے دعائیں کیں۔

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا کہ یہ تہوار خودشناسی اور روحانی بیداری کی علامت ہے، جو شہریوں کو علم، صبر اور ہمدردی کے راستے پر چلنے کی ترغیب دیتا ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے اپنے پیغام میں کہا کہ بھگوان شیو کو وقف یہ تہوار سبھی کی زندگی میں خوشی، خوشحالی اور اچھی

صحت لے کر آئے۔

مدھیہ پردیش میں مہاشیوراتری کے موقع پر عقیدت مند تمام بڑے مندروں کا رُخ کررہے ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ جیوترلنگ مہاکالیشور اور اوم کاریشور میں آج صبح سے ہی عقیدت مندوں کی لمبی قطاریں نظر آرہی ہیں۔×

## PATHANKOT-PAK INTRUDER

سرحدی حفاظتی دستے BSF نے آج صبح سویرے پٹھان کوٹ میں بین الاقوامی سرحد سے متصل ایک پاکستانی درانداز کو ہلاک کرکے دراندازی کی ایک کوشش کو ناکام بنادیا۔ ہمارے نامہ نگار نے BSF جموں سرحد کے تعلقات عامہ کے افسر کا حوالہ دیتے ہوئے خبر دی ہے کہ BSF عملے کو پٹھان کوٹ سیکٹر میں Tashpatan سرحدی چوکی کے نزدیک سرحد پر مشتبہ حرکت نظر آئی۔ ایک درانداز سرحد پار کرتے ہوئے نظر آرہا تھا، تبھی سرحدی حفاظت دستے کے سپاہیوں نے اُسے روکنے کی کوشش کی، تاہم درانداز نے اس پر کوئی توجہ نہیں دی اور آگے بڑھتا رہا۔ خطرے کا احساس کرتے ہوئے سپاہیوں نے بالآخر اسے ہلاک کردیا۔ BSF نے کہا ہے کہ مقتول درانداز کی شناخت اور اس کے پیچھے کارفرما مقصد کا پتہ لگایا جارہا ہے۔ پاکستانی رینجرز سے اس کی شکایت کی جائے گی۔

## JAISHNKAR- BUSINESS FORUM

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت افریقہ کا چوتھا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار ہے۔ دونوں ملکوں کے درمیان کاروبار تقریباً 100 بلین ڈالر تک پہنچ گیا ہے۔ جاپان، انڈیا، افریقہ بزنس فورم سے ورچوئل طور پر خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ افریقہ کی ترقی اور خوشحالی سے نہ صرف یہاں کے لوگوں کو فائدہ پہنچے گا بلکہ وسیع طور پر عالمی استحکام آئے گا اور اقتصادی ترقی بھی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان اور جاپان افریقی ممالک کیلئے خاص طور پر اہم اور ابھرتے ہوئے شعبوں میں لچک دار سپلائی چین کو مضبوط بنانے کیلئے بھی تعاون کرسکتے ہیں۔×

## AMIT SHA VISIT

مرکزی وزیر داخلہ اور سینئر BJP لیڈر امت شاہ نے آج کوئمبٹور میں پارٹی کی ایک نئی عمارت کا افتتاح کیا۔ انہوں نے وہاں ایک پودہ بھی لگایا۔ وزیر داخلہ آج رات کوئمبٹور کے ISHA یوگ سینٹر میں مہاشیوترای کی تقریب میں شرکت کریں گے۔ وہ کل دلّی کیلئے روانہ ہوجائیں گے۔ ان کا پارٹی کے ممبران کے ساتھ تبادلہ خیال کئے جانے کا بھی امکان ہے۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ کل شام کوئمبٹور ہوائی اڈے پہنچنے پر، اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر

ایل مروگن اور پارٹی کے اعلیٰ عہدیداروں نے ان کا گرمجوشی سے استقبال کیا۔×

## COAS-FRENCH ARMY MEET

فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دیویدی نے Marseille میں فرانس کے Ganteaume قلعے میں فرانسیسی فوج کی تیسری ڈویژن کا معائنہ کیا۔ جنرل دویدی کو، جو فرانس کے چار روزہ سرکاری دورے پر ہیں، ڈویژن کے کردار اور بھارت اور فرانس کے درمیان مشترکہ ٹریننگ کے آئندہ کے لائحہ عمل سے بھی واقف کرایا گیا۔ ان میں فوجی مشق - شکتی بھی شامل ہے، جو اس سال کے اواخر میں فرانس میں منعقد کی جائے گی۔ فوجی مشق شکتی دونوں ملکوں کی فوجوں کے درمیان ہر سال منعقد کی جانے والی ایک مشترکہ مشق ہے۔×

## BIHAR CABINET EXPANSION

بہار میں نتیش کمار کی قیادت والی کابینہ میں آج شام توسیع کی جائے گی۔ پٹنہ میں راج بھون میں ایک تقریب کے دوران متعدد نئے وزراء کو عہدے کا حلف دلایا جائے گا۔ اس سے پہلے آج مالیات اور زمینی اصلاحات کے وزیر ڈاکٹر دلیپ کمار جیسوال نے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دیا۔ ڈاکٹر جیسوال ریاستی بی جے پی کے سربراہ بھی ہیں۔ باور کیا جاتا ہے کہ انھوں نے اپنے عہدے سے استعفیٰ اس لئے دیا ہے تاکہ کابینہ کی توسیع کیلئے راہ ہموار ہوسکے۔ کل بی جے پی صدر جے پی نڈّا اور وزیراعلیٰ اور جنتا دل یو کے صدر نتیش کمار نے پٹنہ میں کابینہ میں توسیع کے سلسلے میں بات چیت کی تھی۔

## TN ACCIDENT

تمل ناڈو میں آج صبح سویرے Karur ضلع میں Kultihalai کے مقام پر ایک کار حادثے میں پانچ افراد ہلاک ہوگئے۔ جس کار میں یہ لوگ سوار تھے، وہ ایک بس سے جا ٹکرائی۔ دونوں ہی گاڑیاں Karur- Trichy شاہراہ پر کوئمبٹور سے Orathanadu کی جانب ایک ہی سمت جارہی تھیں۔×

## MAHA WEATHER

مہاراشٹر کے ساحلی علاقوں میں گذشتہ پیر کے روز سے لُو چلنے سے سخت گرمی کے حالات بنے ہوئے ہیں۔ ممبئی، سندھو درگ، رتنا گیری، تھانے اور رائے گڑھ جیسے ساحلی ضلعوں میں درجہ حرارت بڑھ گیا ہے۔ بھارتی محکمہ موسمیات IMD کے اعداد و شمار کے مطابق رتنا گیری میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 38 اعشاریہ نو ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا جو کہ

معمول کے درجہ حرارت سے سات اعشاریہ سات ڈگری سیلسیس زیادہ ہے۔

## DUNAI OPEN TENNIS

ٹینس میں، دبئی اوپن میں ایک دیگر پری کوارٹر فائنل میچ میں آج شام بھارت کے روہن بوپنّا اور کروشیا کے ان کے ساتھی **Ivan-Dodig** کی جوڑی کا مقابلہ، برطانیہ کے **Julian-Cash** اور **Lloyd-Glasspol** کی جوڑی سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام چار بج کر **40** منٹ پر شروع ہوگا۔

اس سے پہلے، بھارت کے یوکی بھامبری اور آسٹریلیا کے ان کے ساتھی کھلاڑی **Alexei-Popyrin** کی جوڑی کل شام مردوں کے ڈبلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی۔×

## KONERU-HUMPY CHESS

شطرنج میں، بھارت کی گرینڈ ماسٹر **Koneru-Humpy** نے خواتین کی **Monaco** گراں پری چمپئن شپ میں چھٹے راؤنڈ میں اپنی ہار کے بعد، سنسنی خیز طریقے سے واپسی کی ہے۔ **Humpy** نے اسپین کی **Sarasadat-Khadem** کے خلاف اہم جیت درج کرکے، چمپئن شپ میں اپنا مقام بہتر کیا ہے۔ اس جیت کے ساتھ ہی، انہوں نے چار پوائنٹس حاصل کرکے، مشترکہ طور پر دوسرا مقام حاصل کرلیا ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆